سوال

(447) بذریعہ قرعہ اندازی حج کا ٹکٹ

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

صنعتی اداروں میں یونین کے مطالبہ پر کارخانہ دار اپنے ملازمین کی کچھ مخصوص تعداد بذریعہ قرعہ اندازی حج کے لیے اپنے خرچ سے بھیجتا ہے۔ اس کی شرعی حیثیت کیا ہے۔ حج کا خرچ برداشت کرنے والے (خواہ وہ غیر مسلم ہی ہو) کارخانہ دار کو اور حج کی سعادت حاصل کرنے والے ملازم (خواہ وہ خود بھی صاحبِ استطاعت ہو) کو ثواب ملے گا؟ (عبدالرزاق اختر، رحیم یار خان) (۲۰ مئی ۱۹۹۴ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صنعتی اداروں کی قرعہ اندازی کے ذریعہ حج پر جانا جائز ہے۔ خواہ جانے والا مستطیع ہو کیونکہ مصرف ''فی سبیل اللہ'' میں یہ بھی داخل ہے۔ بشرطیکہ کمائی حلال کی ہو اور بھیجنے والا مسلمان ہو۔ اس لیے کہ غیر مسلم کا عبادتی پہلو سے کوئی تعلق نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3، کتاب الصوم: صفحہ:349

محدث فتویٰ